علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ فاصلاتی و غیر رسمی تعلیم)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سر ٹیفیکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری '' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر2	06-07-2026	مشق نمبر1	06-07-2026
مشق نمبر3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر4	20-08-2026	مشق نمبر2	20-08-2026

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے

کورس: تعلیم عامہ/خواندگی (429) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100　　**امتحانی مشق نمبر 1**　　کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ نمبر 1تا4)

سوال نمبر 1:　تعلیم مذہب کے صحیح ادراک اور اس کے بنیادی اصولوں تک رسائی حاصل کرنے کے لئے کس طرح رہنمائی کرتی ہے؟　20

سوال نمبر 2:　انسانی معاشرت اور تعلیم کا باہمی تعلق واضح کریں۔　20

سوال نمبر 3:　قومی تعلیمی کمیشن 1959 میں ان تمام تعلیمی مسائل کو حل کرنے کی سفارشات جو ملکی تعلیمی ترقی کے لیے ضروری تھیں، وضاحت کریں۔ نیز مربوط دیہی ترقیاتی پروگرام کے تنظیمی ڈھانچے کی وضاحت بھی کریں۔　20

سوال نمبر 4:　انڈونیشیا میں پیشہ ورانہ مہارت کے تربیتی مرکز کے اغراض و مقاصد تفصیل سے لکھیے۔　20

سوال نمبر 5:　بنیادی خواندگی سے کیا مراد ہے؟ آپ کے نزدیک ایک شخص کے خواندہ کہلانے کے لیے اس کو کس قابلیت کا حامل ہونا چاہیے؟ دلائل کے ساتھ وضاحت کریں۔　20

کل نمبر:100　　**امتحانی مشق نمبر 2**　　کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ نمبر 5تا9)

سوال نمبر 1:　ابتدائی تعلیم کے تجرباتی منصوبے کے اہم خدوخال بیان کریں۔ اس منصوبے کی جائزہ رپورٹ میں اہم نکات پر کیا تحقیق کی گئی اور ان سے کیا نتائج برآمد ہوئے؟　20

سوال نمبر 2:　زیمبیا اور برازیل میں خواندگی پروگراموں کی تنظیم کا موازنہ کریں۔ نیز بتائیں کہ ان میں سے کون سا طریقہ کار بہتر ہے اور کیوں؟　20

سوال نمبر 3:　مرغبانی کے کیا فوائد ہیں اور یہ کس طرح دیہی زندگی کی معیشت پر اثرانداز ہو سکتے ہیں؟ واضح کریں۔　20

سوال نمبر 4:　طریقہ تدریس کا مفہوم اور اس کی اہمیت بیان کریں۔ ان طریقہ ہائے تدریس کی وضاحت کریں جو تعلیم بالغاں میں استعمال ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ تعلیم بالغاں کے استاد کے اہم فرائض بھی بیان کریں۔　20

سوال نمبر 5:　تفویض کی اقسام اور اس کی اہمیت مفصل بیان کریں۔ اچھی تفویض میں کن اصولوں کا خیال رکھا جاتا ہے؟ وضاحت کیجئے۔　20

کل نمبر:100　　**امتحانی مشق نمبر 3**　　کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ نمبر 10تا14)

سوال نمبر 1:　انتظام کی بدولت تعلیمی اداروں میں پیشہ ورانہ قیادت فراہم ہوتی ہے جبکہ نگرانی کا قیام اس قیادت کی رہنمائی کر کے اس کے کام میں آسانی پیدا کرنا ہے۔ بحث کیجئے۔　20

سوال نمبر 2:　مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں:　20

(i) تنظیم یا ادارہ　(ii) سرکاری پیش رفت و مراعات　(iii) مالی وسائل کی فراہمی　(iv) خواندگی بالغاں اور تعلیم بالغاں کے مراکز

سوال نمبر 3:　درسی مواد کی تیاری کے وقت جن خاص پہلوؤں کو مدنظر رکھا جاتا ہے ان کی تفصیل لکھیے۔　20

سوال نمبر 4:　جائزہ، امتحان، پیمائش اور تحقیق میں کیا فرق ہے؟ مثالوں سے واضح کیجئے۔　20

سوال نمبر 5:　تعلیم بالغاں اور تعلیمی جاریہ کے پروگرام کے جائزے کی اہمیت کیا ہے؟ اس کے لئے تشکیلی جائزہ اور مجموعی جائزہ دونوں میں سے آپ کون طریقہ بہتر سمجھتے ہیں؟ دلائل کے ساتھ بیان کیجئے۔　20

کل نمبر:100　　**امتحانی مشق نمبر 4**　　کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ نمبر 15تا18)

سوال نمبر 1:　انڈونیشیا میں بعد از تعلیم رابطہ کے کون سے پروگرام زیادہ اہم ہیں؟ بحث کریں۔　20

سوال نمبر 2:　اساتذہ اور والدین کی انجمن کی تعلیمی اہمیت و ضرورت پر مضمون لکھیے۔　20

سوال نمبر 3:　ترسیل کے عمل کے اجزا بیان کریں۔　20

سوال نمبر 4:　پاکستان کے مختلف معاشی و معاشرتی مسائل کے پس منظر میں تعلیم کو عام کرنے کے لئے آپ کیا تجاویز پیش کریں گے؟　20

سوال نمبر 5:　اپنے علاقے کے معاشرتی ماحول اور معاشرتی مسائل پر نوٹ لکھیں۔　20